© rasailojaraid.com



السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ :-

عرض خدمت ہے کے "الحق" میں اکیسویں صدی کے حوالے سے خصوصی اشاعت کے اہتمام کے متعلق پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ اللہ کرے یہ "خصوصی شمارہ" امت مسلمہ کے لئے اکیسویں صدی میں مشعل راہ کا کام دے۔

جناب عالی! "اکیسویں صدی میں جدید تعلیم کا حصول اور شرح خواندگی میں اضافہ ناگزیر ہے"۔ کے دیئے گئے عنوان کے تحت انشاء اللہ میں بھی ایک مضمون لکھ کر ارسال خدمت کروں گا۔ مضمون اللہ کے فضل سے معیاری ہوگا، امید ہے حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ غلبہ اسلام کی تمام کوششوں کو بار آور فرمائے۔ آمین۔

والسلام احمد دین حداد' اٹک

---

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' مزاج گرامی بخیر

الحق کی وساطت سے معلوم ہوا کہ جناب نے تحریک و تجویز پیش کی ہے کہ سالانہ تعطیلات (دینی مدارس) شعبان / رمضان سے جون' جولائی کو منتقل کر دی جائیں، تجویز معقول اور عمدہ ہے ماہ رمضان بابرکت و عظیم اگر تعلیم کی مشغولیت میں گزرے اور ماہ جون / جولائی اگر مدارس سے چھٹی ہو اور جہاد کی تربیت میں گزرے تو بہت ہی سہل و مناسب ہو جائے نیز یہ بھی کہ اساتذہ و طلباء اگر گرمیوں کی چھٹیوں میں تبلیغی جماعت میں وقت لگائیں تو اس موقع پر سکول و کالج کے طالبہ بھی اور اساتذہ بھی وقت لگا رہے ہوتے ہیں۔ تو یہ اختلاط بہت ہی عمدہ اور مناسب ہے۔ ماہ رمضان میں طلباء اپنی مادر علمی میں موجود ہوں تو تعلیم کم اور تزکیہ پر زیادہ توجہ دیجائے تو مقاصد بعثت رسول میں سے ایک مقصد تزکیہ ہے وہ بھی پورا ہو جائے، گرمیوں میں رات کے اختصار کیوجہ سے مطالع کم اور دن کی طوالت کیوجہ نظم و نسق پر کنٹرول کی محنت زیادہ کرنا پڑتی ہے۔ بہر حال میں اور میرے رفقاء اس تجویز کی موئد ہیں۔ حضرت قائد ملت اسلامیہ شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق مدظلہ کی خدمت میں سلام عرض کریں۔

والسلام

حسین احمد قریشی

ا۔ کنوینر پاکستان شریعت کونسل، ضلع اٹک۔ ۲۔ بانی و مدیر الصحابہ اکیڈمی بھوئی گاڑ۔

---



© rasailojaraid.com